# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 14 March 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

## آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۱۴/مارچ ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ لوک سبھا چُناؤ کے لیے بی جے پی کی دوسری فہرست جاری ‘ بیڑ سے پنکجا منڈے ‘ لاتور سے سُدھاکر شُرنگارے ‘ جالنہ سے راؤصاحیب دانوے اور ناندیڑ سے پرتاپ پاٹل چکھلیکر کو ملی امیدواری

☆ احمد نگر شہر اور ضلعے کا نام بدل کر اہلیا نگر کرنے کو ریاستی کابینہ کی منظوری

☆ آشا خادمین کے اعزازیہ میں 5 ہزار روپئے کا اضافہ

اور

☆ جالنہ ریلوے اسٹیشن پر ریلوے پیٹ لائن کا افتتاح

اب خبریں تفصیل سے...

لوک سبھا چُناؤ کے لیے بھارتیہ جنتا پارٹی نے اپنے امیدواروں کی دوسری فہرست جاری کردی ہے۔ اِس میں ریاست کی 20 نشستوں کا بھی شمار ہے۔ اِن میں مراٹھواڑے کے بیڑ سے پنکجا منڈے ‘ لاتور سے سُدھاشرُنگارے ‘ جالنہ سے راؤصاحیب دانوے اور ناندیڑ سے پرتاپ پاٹل چکھلیکر کو امیدواری دی گئی ہے۔ اِسی طرح ناگپور سے نتن گڈکری ‘ پونا سے مُرلی دھر موہوڑ‘ شمالی ممبئی سے پیوش گوئل\ ‘ چندر پور سے سُدھیر منگنٹی وار ‘ راویر سے رکشا کھڈ سے ‘احمد نگر سے سوجئے وکھے پاٹل ‘ ماڈھا سے رنجیت سنگھ نائک نمبالکر ‘ سانگلی سے سنجئے پاٹل ‘ شمال مشرق ممبئی سے مِہیر کوٹیچا ‘ بھونڈی سے کپل پاٹل ‘ دنڈوری سے بھارتی پوار ‘ وردھا سے رام داس تڈس ‘ جلگاؤں سے اسمیتا واگھ ‘ دھولیہ سے سُبھاش بھامرے ‘ نندوربار سے حنا گاوِت اور آکولا سے انوپ دھوترے کو امیدواری دی گئی ہے۔

***** ***** *****

ریاستی کابینہ نے احمد نگر شہر اور ضلعے کا نام بدل کر اہلیا نگر کرنے کی منظوری دیدی ہے۔ وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کی صدارت میں کل منعقدہ میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا گیا۔ اِسی طرح پونا ضلعے کے ویلہے تعلقے کا نام بدل کر راج گڑھ اور برطانوی دور میں تعمیر کیے گئے ممبئی کے 8 ریلوے اسٹیشنوں کے نام تبدیل کرنے کو بھی ریاستی کابینہ نے منظوری دیدی ہے۔

اپڈیٹیڈ مراٹھی زبان پالیسی بھی اِس کابینی میٹنگ میں جاری کی گئی۔ اِس کے مطابق مراٹھی زبان کی تمام بولیوں کی بقاء، ترویج اور ترسیل کرنا اور انفارمیشن تیکنالوجی، چیٹ جی پی ٹی جیسی نئی تیکنالوجی میں بھی مراٹھی زبان کا زیادہ سے زیادہ استعمال کیا جائے گا۔

ریاستی آشا خادمین کے اعزازیہ میں 5 ہزار روپئے کا اضافہ کرنے کا فیصلہ بھی کل ہوئے کابینی اجلاس میں کیا گیا ہے۔ یہ اضافہ نومبر 2023ء سے واجب الادا ہوگا۔

***** ***** *****

جالنہ-کھام گاؤں نئے براڈ گیج ریلوے ٹریک کے لیے ریاستی حکومت کی جانب سے 2 ہزار 453 کروڑ روپئے خرچ کرنے کی منظوری بھی کل ہوئے کابینی اجلاس میں دی گئی۔ اِس ریل راستے کے لیے جُملہ 4 ہزار 907 کروڑ 70 لاکھ روپئے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ جس میں سے 50 فیصد رقم ریاستی حکومت ادا کرے گی۔

***** ***** *****

کانگریس پارٹی کے رہنما رکن پارلیمان راہل گاندھی کی بھارت جوڑو انصاف یاترا کل ناسک ضلع پہنچی۔ اِس موقعے پر مالیگاؤں کے نئے بس اسٹینڈ کے قریب ہوئے جلسے میں انھوں نے شہریان سے خطاب کیا۔ اپنی تقریر میں انھوں نے مرکز کی بی جے پی حکومت پر سخت نکتہ چینی کی۔

اِسی دوران راہل گاندھی نے کل دھولیہ ضلع میں دھولیہ - آگرہ راستے پر روڈ شو کرتے ہوئے چھترپتی شیواجی مہاراج یادگار کے قریب عوام سے تبادلہ خیال بھی کیا۔ اِس موقعے پر خواتین کو بااختیار بنانے کے مقصد سے خواتین انصاف حق کانفرنس کا بھی اہتمام کیا گیا۔ کانگریس پارٹی کے قومی صدر ملک ارجن کھرگے نے ویڈیو کانفرنسنگ کے توسل سے خطاب کیا۔

***** ***** *****

وزیر برائے اطلاعات و نشریات انوراگ ٹھاکر نے نئی دِلّی میں کل آکاشوانی اور دوردرشن کی خبروں کی جدید ویب سائٹ اور newsonair کا جدید ایپ متعارف کیا۔ اِس موقعے پر وزیر موصوف نے کہا کہ پرسار بھارتی اب مختلف زبانوں کے خبر رساں اِداروں کو ویڈیو ' آڈیو ' تصویر اور تحریری مواد دستیاب کروئے گا۔

***** ***** *****

ہر سال 17 ستمبر کو قومی سطح پر حیدر آباد مُکتی سنگرام دن منایا جائے گا۔ مرکزی حکومت کے اِس فیصلے پر رکن اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل اور مراٹھواڑہ مُکتی سنگرام امرت مہوتسو کمیٹی کے رابطہ کار یوراج نڑے اور دیگر ذمہ داران نے مرکزی حکومت کا شکریہ ادا کیا ہے۔

چھترپتی سنبھاجی نگر کے سوامی رامانند تیرتھ مراٹھواڑہ تحقیقی اِدارے کے سیکریٹری سارنگ ٹاکلکر نے کہا کہ مرکزی حکومت کے اِس فیصلے سے مذکورہ جد و جہد کی اہمیت واضح ہوتی ہے۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

محروم پسماندہ طبقات کو سرکاری اسکیمات سے فیضیاب کروانے کے لیے تیار کیے گئے '' پی ایم سورج '' نامی پورٹل کی نقاب کشائی کل وزیر اعظم نریندر مودی کے ہاتھوں کی گئی۔ اِس پروگرام کی ہنگولی میں ہوئی تقریب میں مرکزی مملکتی وزیر راؤ صاحیب دانوے بھی موجود تھے۔ اِس خصوص میں دھولیہ میں منعقدہ پروگرام میں مرکزی مملکتی وزیر برائے خزانہ ڈاکٹر بھاگوت کراڈ بھی موجود تھے۔ اِس موقعے پر انھوں نے مستفدین سے اپیل کی کہ وہ اِس پورٹل کے توسط سے مختلف سرکاری اسکیمات کی معلومات حاصل کریں اور فائدہ اٹھائیں۔

ناندیڑ صفائی ملازمین اور آیوشمان یوجنا کے مستفیدین کو براہ راست یہ پروگرام دکھایا گیا۔ اِس موقعے پر مہاتما پھلے پسماندہ طبقات ترقیاتی کارپوریشن کے مستفیدین میں قرض بھی تقسیم کیا گیا۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر میں کل سوانِدھی سے سمرُدھی میلے کا انعقاد کیا گیا تھا۔ مرکزی مملکتی وزیر برائے خزانہ ڈاکٹر بھاگوت کراڈ بھی اِس موقعے پر موجود تھے۔ اِس میلے میں مستفیدین کو مختلف سرکاری اسکیمات کی معلومات دی گئی اور قرض بھی تقسیم کیا گیا۔

***** ***** *****

جالنہ ریلوے اسٹیشن پر تعمیر کی گئی ریلوے پیٹ لائن کا افتتاح کل مرکزی مملکتی وزیر برائے ریلوے راؤصاحیب دانوے کے ہاتھوں کیا گیا۔ اِس موقعے پر انھوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ ممبئی - جالنہ وندے بھارت ایکسپریس کے ممبئی سے نکلنے کا وقت تبدیل کر کے اِس ٹرین کو سہ پہر 5 ربجے کے آس پاس روانہ کریں۔ جناب دانوے نے بتایا کہ ناندیڑ ریلوے ڈویژن کی بجلی کاری کا کام اِس مہینے کے آخر تک مکمل کرلیا جائے گا۔

***** ***** *****

رائے دہندگان میں بیداری پیدا کرنے کے مقصد سے ناندیڑ ضلع انتظامیہ نے Reel and Short Film بنانے کے مقابلے کا اہتمام کیا ہے۔ ضلع کلکٹر ابھیجیت راؤت نے رائے دہندگان سے اپیل کی ہے کہ وہ 30 رسیکنڈ کی Reel اور 5 رمنٹ کی Short Film تیار کر کے آئندہ 20 رتاریخ تک swipenanded@gmail.com اِس ای میل آئی ڈی پر اِرسال کریں۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر کے ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے لوک سبھا چُناؤ کے پیشِ نظر کل گنگا پور اور ویجاپور میں انتخابی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ اِس موقعے پر انھوں نے متعلقہ مشنریوں کو آپسی بات چیت ، ہم آہنگی اور تعاون سے کام کرنے کی اپیل کی۔ اپنے اِس دورے میں کلکٹر صاحب نے گنگا پور میں اسکولی طلباء سے تبادلۂ خیال بھی کیا۔ اِس موقعے پر انھوں نے کہا کہ طلباء اپنے سرپرستوں ، پڑوسیوں اور رشتہ داروں کو خط لکھ کر اُن سے ووٹ دینے کی اپیل کریں۔

***** ***** *****

لوک سبھا چُناؤ کے پیشِ نظر بیڑ میں مرکزی ریزرو پولس فورس تعینات کی گئی ہے۔ پولس سپرنٹنڈنٹ نند کمار ٹھاکُر نے کل اِس خصوص میں CRPF کی رہنمائی کی۔

***** ***** *****

رکن اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے دھاراشیو میں از سرِ نو تعمیر کیے گئے رن وے کا کل معائنہ کیا۔ اِس موقعے پر انھوں نے کہا کہ اِس نئے رن وے کے سبب ضلعے کی ترقی میں تیزی آئے گی ۔انھوں نے بتایا کہ یہاں سے منتقل ہو چکا پائلیٹ ٹریننگ سینٹر بھی دوبارہ شروع کرنے کے لیے وہ کوششیں کر رہے ہیں۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے کے ناندیڑ ' گھونگراڑا اور دِگرس بدرک اِن تینوں محصول حلقوں میں قحط زدہ صورتحال کا اعلان کیا گیا ہے۔لہذا ضلع کلکٹر آ بھیجیت راوَت نے اِن محصول حلقوں میں سہولیات لاگو کرنے کا حکم دیا ہے۔

***** ***** *****

مراٹھا ریزرویشن کے لیے کوشاں منوج جرانگے پاٹل گزشتہ 2/دنوں سے لاتور ضلعے کے دورے پر تھے۔لاتور کے علاوہ احمد پور ' نلنگا ' ماٹے پھڑ اور ناگ جھر میں بھی اُن کے جلسے ہوئے۔ اِس دوران انھوں نے کہا کہ ریاستی حکومت جاری کردہ نوٹفکیشن پر فوری عمل درآمد کریں اِس کے بغیر وہ اپنا آندولن ختم نہیں کریں گے۔

***** ***** *****

ہنگولی۔ممبئ ۔ہنگولی جن شتابدی ایکسپریس کو آج سے سیلو اور پرتور اسٹیشن پر بھی روکا جائے گا۔اِس کے علاوہ اِس گاڑی کے پربھنی میں آنے جانے کے اوقات میں بھی تبدیلی کی گئی ہے۔جنوب وسطی ریلوے نے مسافروں سے اِس تبدیلی کو ذہن میں رکھنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

آ خر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ لوک سبھا چُناؤ کے لیے بی جے پی کی دوسری فہرست جاری ' بیڑ سے پنکجا منڈے ' لاتور سے سُدھاکر شُرنگارے ' جالنہ سے راؤ صاحب دانوے اور ناندیڑ سے پرتاپ پاٹل چکھلیکر کو ملی امیدواری

☆ احمد نگر شہر اور ضلعے کا نام بدل کر اہلیا نگر کرنے کو ریاستی کابینہ کی منظوری

☆ آشا خادمین کے اعزازیہ میں 5 ہزار روپئے کا اضافہ

اور

☆ جالنہ ریلوے اسٹیشن پر ریلوے پیٹ لائن کا افتتاح

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبر نامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھا جی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

☆☆☆